بسم اللہ الرحمن الرحیم

کروں پہلے توحید یزداں رقم — جھکا جسکی سجدہ کو اوّل قلم
سر لوح پر کہہ بیاض جبین — کہا دوسرا کوئی تجھسا نہین
قلم پھر شہادت کی اونگلی اوٹھا — ہوا حرف زن یون کہ ربّ العلا
نہین کوئی تیرا نہ ہوگا شریک — تیری ذات ہی وحدہٗ لاشریک
پرستش کی قابل ہی تو ای کریم — کہ ہی ذات تیری غفور الرّحیم
رہ حمد مین تیری ای عزّ و جل — تجھی سجدہ کرتا چلون سر کی بل
وہ الحق کہ ایسا ہی معبود ہے — قلم جو لکھی اوس سی افزود ہے
سبھونکا وہی دین و ایمان ہی — یہ دل ہی تمام اور وہی جان ہی
تر و تازہ ہی اوس سی گلزار خلق — وہ ابر کرم ہی ہوا دار خلق
اگرچہ وہ بی فکر و غیور ہے — ولی پرورش سب کی منظور ہے
کسی سی بر آئی نہ کچھ کام جان — جو وہ مہربان ہو تو کل مہربان

وہ معبود یکتا خدائی جہان کہ جسنی کیا کن مین کون و مکان
دیا عقل و ادراک اوسنی ہمین کیا خاک سی پاک اوسنی ہمین
پیغمبر کو بہیجا ہماری لیئے وصی اور امام اوسنی پیدا کیے
جہان کو اونہون نی دیا انتظام برائی بہلائی سو جہانی تمام
دکہائی اونہون نی ہمین راہ راست کہ تا ہونہ اوس راہ سی باز خواست
کہ وہ کون سی راہ شرع نبی کہ جنت کی رستہ کو سیدہی گئی

صفت حضرت رسول خدا خاتم انبیا

نبی کون یعنی رسول کریم نبوت کی دریا کا در یتیم
ہوا گو کہ ظاہر مین اُمّی لقب پر علم لدنّی کہلا دل پہ سب
نتہا از لکہی اور کہی بی رقم چلی حکم پر اوسکی لوح و قلم
ہوا علم دین اوسکا جو آشکار گذشتہ ہوی حکم تقویم پار
اوٹہا کفر اسلام ظاہر کیا بتونکو خدائی سی باہر کیا
کیا حق نی نبیونکا سردار اوسے بنایا نبوّت کا حقدار اوسے
نبوت جو کی حق نی اوسپر تمام لکہا اشرف الناس خیر الانام
بنایا سمجہ بوجہ کر خوب اوسی خدائی کیا اپنا محبوب اوسی
کرون اوسکی رتبہ کا کیا مین بیان کہڑی ہون جہان باندہی صف مرسلان
مسیح اوسکی خرگاہ کا پارہ دوز تجلی سی طور اوسکا مشعل فروز
خلیل اوسکی گلزار کا باغبان سلیمان سی کئی مہردار اوسکی و[illegible]
خضر اوسکی سرکار کا آبدار زرہ ساز داؤد سی ہان ہزار
محمد کی مانند جگ مین نہین ہوا ہی نہ ایسا نہ ہوگا کہین

بیان عدم سایہ آن حضرت

یہ تہی رمز جو اوسکی سایہ تہا — کہ زنگ دوئی یان تک آیا تہا
نہونیکی سایہ کا تہا یہ سبب — ہوا صرف تو شمس مین کعبہ کی سب
وہ قد اس لئی تہا نہ سایہ فگن — کہ تہا گل وہ ایک معجزہ کا بدن
ہیلا سایہ اوسکا لطیف اس قدر — نہ آیا لطافت کی باعث نظر
عجب کیا جو اوس گلکی سایہ نہو — کہ تہا وہ گل قدرت حق کی بو
خوش آیا نہ سایہ کو ہونا جدا — اوسی نور حق کی رہا زیر پا
نہ ڈالی کسی شخص پر اپنی چہانو — کسی کا نہ دیکہا دیکہ اوسکی پانو
وہ ہوتا زمین گیر کیا فرش پر — قدم اوسکی سایہ کا تہا عرش پر
نہونیکی سایہ کی ایک وجہ اور — مجہی خوب سوجہی یہ ہی شرط غور
جہانتک کہ تہی یہانکی اہل نظر — سمجہہ مایہ نور کحل البصر
سبہون نی لیا پتلیون پر اوٹہا — زمین پر نہ سایہ کو گرنی دیا
سیاہی کی پتلی کا ہی یہ سبب — وہی سایہ پہرتا ہی آنکہون مین اب
وگرنہ یہ تہی چشم اپنی کہان — اوسی سی یہ روشن ہی سارا جہان
نظر سی جو غائب وہ سایہ رہا — ملائک کی دل مین سما یار ہا
نہین ہمسر اوسکا کوئی جز علی — کہ بہائیکا بہائی وصی کا وصی
ہوئی جو نبوت نبی پر تمام — ہوئی نعمت اوسکی وصی پر تمام
جہان فیض سی اونکی ہی کامیاب — نبی آفتاب و علی ماہتاب

صفت حضرت امیر المومنین علی ابن ابی طالب

علی دین و دنیا کا سردار ہے — کہ مختار کی گھر کا مختار ہے
دیا بہ امامت کی گلشن کا گل — بہار ولایت کا باغ سنبل
علی رازدار خدا و نبی — خبردار سر خفی و جلی
علی بندۂ خاص درگاہ حق — علی سالک رہبر راہ حق
علی ولی ابن عم رسول — لقب شاہ مردان زوج بتول
کہی یون جو چاہی کوئی بیر سے — یہ نسبت علی کو نہین غیر سے
خدا نفس پیغمبرش خواندہ است — دگر را فضیلت بکس ماندہ است
یہان بات کی اب سمائی نہین — نبی اور علی مین جدائی نہین
نبی و علی ہر دو نسبت بہم — دوتا و یکی چون زبان قلم
علی کی عدو دوزخی دوزخی — علی کا محب جنتی جنتی
نبی و علی فاطمہ اور حسن — حسین ابن حیدر یہ ہین پنجتن
ہوئی اونپہ دو جگ کی خوبی تمام — اونہون پہ درود اور اونہون پہ سلام
علی سی لگا تا بہ مہدی دین — یہ ہین ایک نور خدای برین
اونہو نسی ہی قایم امامت کا گھر — کہ بارہ ستون ہین یہ اثنا عشر
صغیرہ کبیرہ سی یہ پاک ہین — حساب عمل سی یہ بیباک ہین
ہوا یہانسی ظاہر کمال رسول — کہ بہتر ہوی سب سی آل رسول

صفت اصحاب کرام

سلام اونپہ جو اونکی اصحاب ہین — وہ اصحاب کیسی کہ احباب ہین
خدا نی اونہونکو کہا مومنین — وہ ہین زینت آسمان و زمین
خدا اونسی راضی رسول اونسی خوش — علی اونسی راضی بتول اونسی خوش

رہی غرض اونکی ہمین دوستی　　کہ اپنا دسی تو جہان نثار جی

مناجات

الہی بحق رسول امین　　بحق علی و باصحاب دین

بحق بتول و بہ آل رسول　　کرون عرض جو مین ہووی قبول

الہی مین بندہ گنہگار ہون　　گناہون سی اپنی گرانبار ہون

مجہی بخشیو میری پروردگار　　کہ ہی تو کریم اور آمرزگار

میری عرض یہ ہی کہ جبتک جیون　　شراب محبت تیری پیون

سوا تیری الفت کی اور سب ہیچ　　یہی ہو نہ ہو اور کچہ ایچ پیچ

جو غم ہو تو ہو آل احمد کا غم　　سوا اس الم کی نہ ہو فکر و غم

رہی سب طرف سی میری دل کو چین　　بحق حسن اور بحق حسین

کسی سی نکرنی پڑی التجا　　تو کر خود بخود میری حاجت روا

صحیح اور سالم سدا مجکو رکہہ　　خوشی سی ہمیشہ خدا مجکو رکہہ

میری آل اولاد کو شاد رکہہ　　میری دوستونکو تو آباد رکہہ

مین کہاتا ہون جسکا نمک یا کریم　　سدا رحم کر اوسپہ تو ای رحیم

جیون آبرو اور حرمت کی ساتہہ　　رہو مین عزیز و مین عزت کی ساتہہ

بر آوین میری دین و دنیا کی کام　　بحق محمد علیہ السلام

تعریف سخن

پلا مجکو ساقی شراب سخن　　کہ مفتوح ہو جس سی باب سخن

سخن کی مجہی شکر دن رات ہی　　سخن ہی تو ہی اور کیا بات ہی

سخن کی طلبگار ہین عقلمند — سخن سی ہی نام نکویان بلند
سخن کی کرین فکر مردان کار — سخن نام اونکا رکھی برقرار
سخن سی وہی شخص رہتی ہین کام — جنہین چاہیی ساتھہ نیکی کی نام
سخن سی سلف کی بہلائی رہے — زبان قلم سی برائی رہے
جہان رستم و گیو و افراسیاب — سخن سی رہی یادیہ نقل خواب
(نام پہلوان ۱۲)
سخن کا صلہ یار دیتی رہے — جواہر سے اول لیتی رہے
سخن کا سدا گرم بازار ہے — سخن سنج اوسکا خریدار ہے
رہی جب تلک داستان سخن — الٰہی رہی قدردان سخن

مدح شاہ عالم بادشاہ

خدیو فلک شاہ عالی گہر — زمین بوس ہون جسکی شمس و قمر
جہان اوسکی پرتو سی ہی کامیاب — وہ ہی برج اقلیم مین آفتاب
اسی مہر سی ہی منور یہ ماہ — جہان ہووی اور ہو جہاندار شاہ
وہ مہر منور یہ ماہ منیر — اور اوسکا یہ نجم سعادت وزیر

مدح نواب آصف الدولہ

فلک رتبہ نواب عالی جناب — کہ ہی آصف الدولہ جسکا خطاب
وزیر جہان حاکم عدل و داد — ہی آبادئی ملک جس سی مراد
جہان عدل سی اوسکی آباد ہے — غریبون فقیرونکا دل شاد ہے
پہری بہاگتا موسی سی فیل مست — زبردست ظالم یہ ہی زیردست
[illegible] — [illegible]

ہے گا اگر نقص [illegible] ل — تو لیا یا کری ہیچ و متصل
وہ انصاف سی جو گذرتا نہین — اسی ہر کوئی شخص ڈرتا نہین
نہوا گہہ بکری کو کچہ گفت گو — اگر اسکا چیتا نہو دی کبہو
گرا آواز سن صیاد کی کچہ کہے — تو باز آئی چیتک کہ پہری رہے
پہری شمع کی گرد گرا کی چور — صبا کہہ لیجاوی اوسکو بزور
نلی جب تلک شمع پروانے — پتنگی کی پر کو نہ چہیڑی کبہی
اگر آپ سی اوسپہ وہ آ گری — تو فانوس مین شمع بجہتی پہری
گرا چاہتا اوسکی جلنی بال و پر — تو گلگیر لی شمع کا کاٹ سر
اوسی عدل کی جو طرح یاد ہی — کسی یاد ہی یہ جو داد او ہی
ستم اوسکی ہاتہو نسی ڈرا یا کری — سدا فتنۂ دہر سو یا کری
گہرو نمین فراغت سی سوتی ہین سب — شری گہرمین چوراپنی روتی ہین شب
وہ بہی باعث عیش خرد و کلان — کہ ہی نام سی اوسکی مشتق امان
بیان سخاوت کرون جو رقم — تو دُر ریز کا غذ پہ ہووی قلم
نظر سی توجہ کی دیکہا جدہر — دیا مثل نرگس اوسی سیم و زر
سخاوت یہ ادنٰی سی ایک اسکی ہی — کہ ایک دن وہ شالی دیہات سی
سوا آپ کی ہی اور یہ داستان — کہ ہو جسپہ قربان حاتم کی جان
ہوئی کم جو ایکسال کچہ برشکال — گرانی سی ہونی لگی ایک سال
غریبونکا دم سا نکلنی لگا — تو گلکا بہی پانون چلنی لگا
وزیر الممالک نی تدبیر کر — خدا کی دیا راہ مین مال و زر
محلہ محلہ کیا حکم یہ — کہ باڑی سی آس غم کی کہولین گرہ
یہ چاہا کہ خلقت کسی ڈہب سی جئے — کئی لاکہہ لاکہہ ایک دن مین دئے

یہ لوشس پڑی ملک مین جو تمام
لیا ہاتہہ تی اوسکی کر تونکو تہام

یہ بندہ نوازی یہ جان پرورے
یہ آئین سرداری و سروری

ہوی ذات پر اوس سخی کی تمام
تکلف ہی آگی سخاوت کا نام

فقیر و نکی تو یہان تلک ہی بنی
کہ یک یک یہان ہو گیا ہی غنی

یہ کیا دخل آوازدی جو گدا
جہنکنی کی گاگی ہووی صدا

قدح لیکی گس جو ہووی کہڑی
تو خجلت سی جاوی زمین مین گڑی

نہوا اوسکا شامل جو ابر کرم
اثر ابر نیسان سی ہووی عدم

ہر ایک کام اوسکا جہانکی مراد
فلاطون طبیعت ارسطو نژاد

جب ایسا وہ پیدا ہوا ہی بشر
تب اوسکو دیا ہی یہ کچہ مال و زر

لکہون گر شجاعت کا اوسکی بیان
قلم ہو سر ارستم و داستان

غضب سی وہ ہاتہہ اپنا جس پر اوٹہائے
اجل کا طمانچہ کہ قسم اوسکی کہائے

کری جنجگہ زور اوسکا نمود
دل آہن اوسجا پہ ہووی کبود

چلی تیغ گر اوسکی روز مصاف
نظر آئی دشمن کا میدان صاف

اگر بیچ ائی سی کوئی عدو
ملا دیوی اوس تیغ سی منہ کہو

تو ایسی ہی کہا کر گری سر کی بہل
کہ سر پیہ کہڑی اوسکی روئی اجل

نہو کیونکہ وہ تیغ برق غضب
کہ بخشش کی تشدید جوہر ہی سب

ہوئی ہم قسم اوسکی تیغ اجل
نکل آئی یہ کر پڑی وہ اوگل

لگا وی اگر کوہ پر ایک بار
گذر جاوی یون جیسی صابن مین تار

غضب سی غضب اوسکی کانپا کری
تہوڑسی ہیبت ہی اوسکی ڈرے

اور اوس ورے بی یہ حلم و حیا
کہ ہے خلق کا جیسی دریا بہا

جہانتک کہ ہین علم و کسب کمال
ہر ایک فن مین ماہر ہی وہ خوشخصال

سخندان سخن سنج شیرین زبان
سخن کی نہین اوس سی پوشیدہ بات
سلیقہ ہر ایک فن مین ہر بات مین
سدا سیر پر اور تماشی پہ دل
نہین اوسکو کیونکر ہوای شکار
دلیرون کو ہی بس دلیرونسی کام
شہان را ضرورست مشق شکار
کھلی بند ہین جتنی صحرا مین صید
ز مہرش دل آہوان سوختہ
شجاعت کا ہمت کا یہ کام ہی
نہ ہوتا اگر اوسکو عزم شکار
نہ بچتی جہان بیچ خرد و بزرگ
یہ انسان پر اوسکا احسان ہے
بنائی جہان اوسنی نخچیر گاہ
رکھا صید بحری پہ جبسدم خیال
مگر اپنا دیتی ہین جی جان کر
نہ سمجھو نکلتی ہین دریا مین سوس
جنرونکا دل اوسطرف ہی لگا
پلنگونکا ہی بلک چیتا ستہے
خبر اوسکی سنکر نہ گینڈا سے چلے
جو کچھ دل مین گینڈی کی آوی خیال

وزیر جہان وحید زمان
غوامض ہین سب سہل اونکی لگات
نکلتی نئی بات ذرات مین
کشادہ دلی اور خوشی متصل
تہور شعار ذکا ہی یہ شعار
کہ رہتا ہی شیرونکو شیرونسی کام
کہ آید پی صید دلہا بکار
ہین نواب کی دام الفت مین قید
لفتراک او چشمہا دوختہ
درم ہاتھ مین ہی کہ یا دام ہی
درندونسی بچتا نہ شہر و دیار
یہ ہو جاتی سب لقمۂ شیر و گرگ
کری خوف انسانکی جان ہے
رہی صید وہان آکی شام و پگاہ
لیا پشت پر اپنی ماہی نی جال
کہ تا پوپہ کرتی ہین آن آن کر
خوشی سی اوچھلتی ہین دریا مین سوس
پرندو نکو منتی ہی اوس سی ہوا
اگر آ بندہا دی ہماری کو لئے
کہ ہاتھی بھی ہو مست اپنی چلے
تو بہاگی اوس آگی سپر اپنی ڈال

کہڑی ارتی ہوتی ہین سر جوڑ جوڑ
کہ جی کون بتا ہی [illegible] ہوڑ

اطاعت کی حلقہ سی بہاگی جو فیل
پلک اوسکی دلہو مین ہو تفتہ مسیل

سو وہ تو اطاعت مین یکسر سست ہین
نشہ مین محبت کی سب مست ہین

اسیکی لئی گو کہ ہین وہ پچھاڑ
قدم اپنی رکہتی ہین سب گاڑ گاڑ

کہ شاید مشرف سو ایسی ہون
سرافراز چلکر عماریسی ہون

چلین جب یہ کچہ ہوئی حیوان کا
تو پہر حق بجانب ہی انسان کا

کسی ہو نہ صحبت کا اوسکی ہوس
دلی کیا کرین جو نہ ہو دسترس

فلک بارگاہا ملک در کہا
جدا مین جو قدموسی تیری رہا

نہ کچہ عقل نی اور تدبیر سے
رکہا مجکو محروم تقدیر نے

پر اب عقل نی میری کہولی ہین گوش
دیا ہی مدد سی تری مجکو ہوش

سو مین ایک کہانی بنا کر نئی
دُرِ فکر سی گوندہ لڑیان سی لئی

لی آیا ہون خدمت مین بہر نیاز
یہ امید ہی پہر کہ ہون سرفراز

میرا عذر تقصیر ہوئی قبول
بحق علی و بآل رسول

رہین شاد و آباد کل خیر خواہ
پہرین اس کہرانیکی دشمن تباہ

رہی جاہ و حشمت تیرا یہ مدام
بحق محمد علیہ السلام

اب آگی کہانیکی ہی داستان
ذرا سنئی دل دیکی اسکا بیان

آغاز داستان

کسی شہر مین تہا کوئی بادشاہ
کہ تہا وہ شہنشاہ گیتی پناہ

بہت حشمت و جاہ مال و منال
بہت فوج سی اپنی فرخندہ حال

کئی بادشاہ اوسکو دیتی تہی باج
خطا و ختن سی وہ لیتا خراج

کوئی دیکہتا آگی جب اوسکی فوج
تو کہتا کہ ہی بحر ہستی کی موج

طویلہ کی اوسکی جوادی تہی خر
جہانتک کہ سرکش تہی اطراف کی
رعیت تہی آسودہ و بی خطر
عجب شہر تہا اوسکا مینو سوا
لگی تہی ہر ایک جا پہ وہان سنگ و خشت
زمین سبز و سیراب عالم تمام
عمارت تہی پکی وہان بیشتر
کہین چاہ و منبع کہین حوض و نہر
کرون اوسکی وسعت کا کیا مین بیان
ہنرمند وہان اہل حرفہ تمام
یہ دلچسپ بازار تہا چوک کا
جہانتک کہ رستی تہی بازار کی
وہ پختہ دوکانونکی دیوار و در
صفا پر جو اوسکی نظر کر گئے
ہوئی قلعہ کی اوسکی کیا مین شکوہ
وہ دولت سرا خانۂ نور تہا
ہمیشہ خوشی رات دن سیر باغ
سدا عیش و عشرت سدا راگ رنگ
غنی وہان ہوا جو کہ آیا تباہ
ندیکہا کسینی کوئی وہان فقیر
کہانتک کہون اوسکا جاہ و حشم

اونہین نعلبندین ملتا تہا زر
وہ اوس شہ کی بستی تہی قلمرون کی
نہ غم مفلسی کا نہ چوری کا ڈر
کہ قدرت خدائیکی آتی تہی یاد
ہر ایک کوچہ اوسکا تہا رشک بہشت
نظر کو طراوت وہان صبح و شام
کہ گذری صفائی سی اوسپر نظر
ہر ایک جا پہ آب لطافت کی لہر
کہ جون اصفہان تہا وہ نصف جہان
ہر ایک نوع کی خلق کا ازدحام
کہ شہری جہان بس وہین دل لگا
تہی کہ تختی تہی گلزار کی
سفیدی پہ جسکی نہ ٹہہری نظر
اوسی دیکہہ کر سنگ مرمر گئے
گئی دب بلندی کو دیکہہ اوسکی کوہ
سدا عیش و عشرت سی معمور تہا
ندیکہا کبہی دل پہ جز لالہ داغ
نہ تہا زیست سی اپنی کوئی تنگ
عجب شہر تہا وہ عجب بادشاہ
ہوئی اوسکی دولت سی گہر گہر امیر
محل و مکان اوسکا رشک ارم

سدا ماہرویون سی صحبت آرہے — سدا جام زرین سی رغبت اوسے
ہزارون پری پیکر اوسکی غلام — کمر بستہ خدمت مین حاضر مدام
ولی طرف سی وہ نہ کہتا تہا غم — مگر ایک اولاد کا تہا الم
اسی بات کا اوسکی تہا دل داغ — نہ رکہتا تہا وہ اپنی گہر کا چراغ
دنونکا عجب اوسکی پہ پہیر تہا — کہ اوس روشنی پر پہ اندہیر تہا
وزیرون کو ایک روز اوسنی بلا — جو کچہ دل کا احوال تہا سو کہا
کہ مین کیا کرونگا یہ مال و منال — فقیر لگا ہی میری دلکو خیال
فقیر اب نہون تو کرون کیا علاج — نہ پیدا ہوا وارث تخت و تاج
جوانی تو میری گئی سب بسر — نمودار پیری ہوی سر بسر
دریغا کہ عہد جوانی گذشت — جوانی مگو زندگانی گذشت
بہت مال پر جان کہو یا گئی — بہت فکر دنیا مین سو یا گئے
رہی نی تمیزی و بیجا صلے — کہ از فکر دنیا و دین غافلے
وزیرون نی کی عرض کای آپ — نہو ذرہ تجکو کبہی اضطراب
فقیری جو چہی تو دنیا کی ساتہہ — نہین خوب جانا ادہر خالی ہاتہہ
کرو سلطنت لیک اعمال نیک — کہ تا دو جہان مین ہی حال نیک
جو عاقل ہون و سوچ مین نیک تر — کہ ایسا نہ ہووی کہ پہر سب کہین
تو کار زمین رانکو ساختی — کہ بر آسمان نیز پرداختی
یہ دنیا جو ہی مزرع آخرت — فقیر مین ضایع کرو اوسکو مت
عبادت سی اس کشت کو آب دو — کہ وہان جا کی خرمن ہی تیار لو
رکہو یاد عدل و سخاوت کی بات — کہ اس فیض سی ہی تمہاری نجات
مگر ہان جو اولاد کا ہی یہ غم — سو اسکا تردد بہی کرتی ہین ہم

عجب کیا کہ ہوئی تمہاری خلف
کرو تم نہ اوقات اپنی تلف

نہ لاؤ کبھی یاس کی گفتگو
کہ قرآن مین آیا ہی لا تقنطوا

بلاتی ہین ہم اہل تنجیم کو
نصیبون کو اپنی ذرا دیکہہ لو

تسلی تو دی شاہ کو اس نمط
ولی اہل تنجیم کو بہیجی خط

نجومی و رمال اور برہمن
غرض یاد تہا جنکو اُس فن کا

بلاکر انہین شہ کنی لی گئے
جو ہین رہبر و شہ کی وہ سب گئے

پڑا جب نظر وہ شہ تاج و تخت
دعا دی کہ ہون شہ کی بیدار بخت

کیا قاعدہ سی پہر کر سلام
کہا شہ نی مین تمسی یہ کہتا ہون کام

نکالو ذرا اپنی کتاب
میرا ہی سوال اوسکا لکہہ دو جواب

نصیبون مین دیکہو تو میری کہین
کسی سی ہی اولاد ہی یا نہین

یہ سنکر وہ رمال طالع شناس
لگی کہینچنے زائچی لی قیاس

دہری تختی آگی لیا قرعہ ہاتہہ
لگا دہیان اولاد کا اوسکی ساتہہ

جو پہلین تو شکلین کئی تہین سہل
کئی شکل سی دل گیا اونکا بہل

جماعت نی رمال کی عرض کی
کہ ہی گہر مین امید کی کچہہ خوشی

یہ سن ہمسی ای عالمون کی شفیق
بہت ہمنی تکرار کی ہر طریق

بیاض اپنی دیکہی جو اس رمل کی
تو ایک ایک نقطہ ہی فرزند خوشی

ہی اس بات پر اجتماع تمام
کہ طالع مین فرزند ہی تیری نام

زن و زوج کی شکل مین ہی فرح
پیا کرمی وصل کا تو قدح

نجومی بہی کہنی لگی در جواب
کہ ہمنی بہی دیکہی ہی اپنی کتاب

نحوست کی دن سب گئی ہین نکل
عمل اپنا سب کر چکا ہی زحل

ستاری نی طالع کی بدلی ہین طور
خوشی کا کوئی دن مین آتا ہی دور

نظر کی جو تثلیث و تسدیس پر — تو دیکھا کہ ہی نیک سب کی نظر
کیا پنڈتون نی جب اپنا بچار — تو کچہ اونگلیون پر کیا پہر شمار
جنم پترا شاہ کا دیکہہ کر — تولا اور پہر جہک پہر کر نظر
کہا راجہ جی کی ہی تقدیر دیا — چندرمان سا بالک تری ہوئیگا
نکلتی ہین اب تو خوشیکی بچن — نہو گر خوشی تو نہون پہر ہمن
مہاراجکی ہونگی مقصد شتاب — کہ آیا ہی اب پانچوان آفتاب
نصیبون نی کی آپکی یاوری — کہ آئی ہی اب ساتوین مشتری
مقرر تری چاہیی ہو پسر — کہ دیتی ہی یون اپنی پوتہی خبر
ولیکن مقدر ہی کچہ اور بہی — کہ ہین اس پہلی مین بہی طور بہی
یہ لڑکا تو ہوگا ولی کیا کہین — خطر ہی اسی بارہوین برس مین
نہ آئی یہ خورشید بالای بام — ملبندیسی خطرہ ہی اسکو تمام
نہ نکلی یہ بارہ برس شک مہ — رہی برج مین یہ مہ چاردہ
کہا شہ نی سنکر یہ اونکی تئین — کہو جسکا خطرہ تو اوسکو نہین
کہا جانکی سب طرح خیر ہے — مگر دشت غربت کی کچہ سیر ہے
کوئی اوسپہ عاشق ہو جن پری — کوئی اوسکی معشوق ہو استری
کچہ ایسا نکلتا ہی پوتہی مین اب — خرابی ہو اوسپر کسیکی سبب
ہوئی کچہ خوشی شہ کو اور کچہ الم — کہ دنیا مین توام ہی شادی و غم
کہا شہ نی اسپہ نہین اعتبار — جو چاہی کری میرا پروردگار
یہ فرما محل مین در آمد ہوئی — منجم وہا نسی برآمد ہوئی
خدا سے برس اوسکو تہا اعتقاد — لگا مانگنی اپنی حق سی مراد
خدا سی لگا کرنی وہ التجا — لگا آپ مسجد مین رہنی دیا

نکالا مراد و لکا آخر سراغ لگا لی اودھر لو تو پایا چراغ
سحاب کرم نی کیا جو اثر ہوئی کشت امید کی بارور
اوسی سال مین یہ تماشا سنو رہا حمل ایک زوجۂ شاہ کو
جو کچہ دل پہ گذری تہی رنج و تعب مبدل ہوئی وہ خوشی ساتہہ سب

داستان تولد ہونی شاہزادہ بی نظیر کے

خوشی سی پلا مجکو ساقی شراب کوئی دم مین بجتا ہی چنگ و رباب
کرون نغمۂ تہنیت کو شروع کہ ایک نیک اختر کی ہی طلوع
گئی نو مہینی جب اوسپر گذر ہوا گہر مین شہ کی تولد پسر
عجب صاحب حسن پیدا ہوا جسی مہر و مہ دیکہہ شیدا ہوا
نظر کو نہو حسن پر اوسکی تاب اوسی دیکہہ بیتاب ہو آفتاب
جب اس شکل سی وہ ہوا دلپذیر رکہا نام اوسکا شہ بی نظیر
خواصون نی خواجہ سراؤن نی جا گئی نذر گذرانیان اور کہا
مبارک تجہی ای شہ نیک بخت کہ پیدا ہوا وارث تاج و تخت
سکندر نژاد اور دارا حشم فلک مرتبت اور عطارد رقم
ہی اوسکی اقلیم زیر نگین غلامی کرین اوسکی خاقان چین
یہ سنتی ہی مژدہ بچہا جانماز گئی لاکہہ سجدی کہ ای بی نیاز
تجہی فضل کرتی نہین لگتی بار نہو تجسی مایوس امیدوار
دوگانہ عرض شکر کا کر ادا تہیّہ کیا شاہ نی جشن کا
وہ نذرین خواصونکی خوجونکی لی اونہین خلعت و زر کا انعام دی
کہا جاؤ جو کچہ کہ درکار ہو کہو خانساماں کو تیار ہو

نقیبون کو بلوا کی یہ کہہ دیا
کہ نوبت خوشیکی بجاوین تمام
یہ مژدہ جو پہونچا تو نقارچے
نیا ٹھاٹھہ نقار خانہ کا سب
غلاف اونپہ بانات پرزر کی ٹک
دیا چوب کو پہلی بم سی ملا
کہا زیر نی بم سی بہر سنگہون
بجی شادیانی جو وان اوسگہری
بہم ملکی بیٹھی جو شہنا نواز
سرون پر دی سرپیچ معمول کی
لگی لینی اونچین خوشی سی سنے
تکورونکی نوبتکی شہنا کی دہن
ترہی او قرنا ی شادیکی دم
سنی جہانجہ نی جو خوشیکی نوا
نئی سر سی عالم کو عشرت ہوئی
محل سی لگا تا بدیوان عام
چلی لیکی نذرین امیر و وزیر
دلی شاہ نی شاہزادہ کی تا نون
امیرون کو جاگیر لشکر کو زر
نواصونکو خو جو نکو جوڑے دی
خوشی مین کیا یہان تلک زر نثار

کہ نقار خانہ مین دو حکم جا
خبر سنکی یہ شاد ہون خاص و عام
لگا ہر جگہہ بادلہ اور زر سے
مہیا کرا اسباب عیش طرب
شتابیسی نقار و تکو سینک سا
لگی پہیلنی ہر طرف کو صدا
کہ ڈون ڈون خوشیکی خبر کیون ندین
ہوئی گرد پیش آ کی خلقت کہڑی
بنا منہ سی پہرکی لگا او سپہ ساز
خوشی سی ہوئی گال گل پہولکی
ارانا لگا بجنی اور سگہڑ لے
سگہڑ سنی والونکو کہتی تہی سن
لگی بہرنی ٹھپا اور کہرج مین بہم
تہرکنی لگا تالیون کو بجا
کہ لڑکی کی ہونیکی نوبت ہوئے
عجب طرحکا ایک ہوا ازدحام
لگی کہینچنے زر کی تودی فقیر
مشائخ کو اور پیرزادونکو گانون
وزیرونکو الماس لعل و گہر
سپاہی جو تہی اونکو گہوڑی دیے
جسی ایک دینا تہا بخشی ہزار

دوپٹے کو کرنا کبھی منہ کی اوٹ — کہ پھر دیکھیں تو جائے دل لوٹ پوٹ
کبھی ایک تان مین اونکو ارمان ہے — کہ دل لیجیے تانکی جان یہ
کوئی من مین سنگیت کی شعلہ رو — پرم جوگ لچھمی کی لی پہلو
کوئی ڈیڑھ گت ہی مین پاؤن ملی — کھڑی عاشقونکی دلونکو ملی
کوئی دائری مین سجا کر برت — کوئی دہمدہی مین دکھا اپنا فن
غرض ہر طرح دلکو لینا اونہین — کئی طرح سی داغ دینا اونہین
کبھی مار ٹھوکر کرین قتل عام — کبھی ہاتھ اوٹھا لیوین گرتیکو تھام
کہین دہرپت اور گیت کا شور وغل — کہین قول و قلبانہ و نقش و گل
کہین بھانڈ کی ولولونکا سمان — کہین ناچ کشمیریونکا او تان
مجیرا پکھاوج گلی ڈالکی ہول — بجاتی تہی او بن بجاتی ڈہول
محل مین جو دیکھو تو ایک ازدحام — مبارک سلامت کی تہی دہوم دہام
وہان بھی پڑے عیش و عشرت کی دہوم — پری پیکرونکا ہر ایک جا ہجوم
یہ چہٹی تلک غرض تہی خوشی ہی کی بات — کہ دن عید اور رات تہی شب برات
شبہی ابہی اسی مین جون ہلال — محل مین لگا پلنی وہ نونہال
برس گانٹھ چہٹہ جب سال اوسکی ہوئے — دل بستگانکی گرہ کہل گئے
وہ گل جبکہ چوتھی برس مین لگا — چھڑایا گیا دودھ اوس ماہ کا
ہوئی تہی جو چہٹی شادی کی دہوم — اوسی طرح سی پہر ہوا وہ ہجوم
طوائف وہی اور وہی راگ رنگ — ہوئی بلکہ دونی خوشی کی ترنگ
وہ گل پاتو پلنی اپنی سجا چلا — وہان آنکہہ کو نرگسون نی ملا
لگا پہرنی وہ سرو جب پاؤن پاؤن — گئی بردی آزاد تب اوسکی نانو

داستان تیاری مین باغ کی

اور جشن کرنا باغ مین

مئی ارغوانی پلا ساقیا / کہ تعمیر کو باغ کی دل چلا
دیا شہ نی ترتیب ایک خانہ باغ / ہوا رشک سی جسکی لالہ کو داغ
عمارت کی خوبی درونکی وہ شان / لگی جسمین زربفت کی سائبان
چقین اور پردی بندہی زرنگار / درون پر کہڑی دست بستہ بہار
کوئی ڈور سی در پہ اٹکا ہوا / کوئی زہ پہ خوبی سی لٹکا ہوا
وہ مقیش کی ڈوریان سر بسر / کہ مہ کا بندہا جس مین تار نظر
چقونکا تماشا تہا آنکہونکا جال / نگہ کو وہانسی گذرنا محال
سنہری مغرق چہتین ساریان / وہ دیوار اور در کی گلکاریان
دئی ہر طرف آئینی جو لگا / گیا چوگنا لطف اوس مین سما
وہ مخمل کا فرش اوسکا ستہرا کہ بس / پڑی جسکی آگی نہ پائی ہوس
رہین طاقچی اوسمین روشن مدام / معطر شب و روز جس سی مشام
چہپر کہٹ مرصع کا دالان مین / چمکتا تہا اس طرح ہر آن مین
زمین پر تہی اسطور اوسکی جہلک / ستارونکی جیسی فلک پر چمک
زمین کا کرون وہانکی کیا مین بیان / کہ صندل کا ایک پارچہ تہا عیان
بنی سنگ مرمر کی چوپڑ کی نہر / لگی چار سو اوسکی پانیکی لہر
قرینہ سی گرد اوسکی سرو سہی / کچہ ایک ورد دور اوس سی نیچی وہی
کہون کیا مین کیفیت دار بست / لگائی رہین تاک وہان مے پرست
ہوائی بہار ایسی گل لہلہی / چمن ساری شاداب اور ڈہڈہی
زمرد کی مانند سبزہ کا رنگ / روش کا جواہر ہوا جس سی سنگ
روش کی صفائی پہ بی اختیار / گل اشرفی نی کیا زر نثار

[illegible] ہرا باغ گل سی چمن — کہین نرگس و گل کہین یاسمن
کہین چنبلی کہین اور کہین موتیا — کہین رای بیل اور کہین موگرا
کہڑی شاخ شبّو کی ہر جا نشان — مدن بانکی اور ہی آن بان
کہین ارغوان اور کہین لالہ زار — چڈی اپنی موسم مین سبکی بہار
کہین جعفری اور گیندا کہین — سمان شب کو داؤدیونکا کہین
عجب چاندنی مین گلونکی بہار — ہر ایک گل سفید ایسی مہتاب وار
کہڑی سرو کی طرح چنپی کی چہار — کہی توکرہ خوشبویونکی بہار
کہین زرد نسرین کہین نسترن — عجب رنگ پر زعفرانی چمن
پڑی آبجو ہر طرف کو بہے — کرین قمریان سرو پر چہچہے
گلونکا لب نہر پر جہومنا — اوسی اپنی عالم مین منہ چومنا
وہ چہمک کی گرنا خیابان پر — نشہ کا سا عالم گلستان پر
لئی ہاتہہ مین بیلچی مالنے — چمن کو لگین دیکہتی بہالنے
کہین تخم پاشی کرین گوڑ کر — پنیری جماوین کہین کہود کر
کہڑی شاخ در شاخ باہم نہال — رہین ہاتہہ جون مست گردن مین ڈال
لب جو پہ آئینہ مین دیکہہ قد — اکڑنا کہڑی سرو کا جدنہ تند
خراماں صبا صحن مین چارسو — دماغونکو دیتی ہر ایک گل کی بو
کہڑی نہر پر فاصل اور قرقرے — لئی ساتہہ مرغابیونکی پرے
صدا قرقرونکی بطونکا وہ شور — درختون پر بگلی موتہ پر ونپہ مور
چمن آتش گل سی دہکا ہوا — ہوا کی سبب باغ مہکا ہوا
صبا جو گئی ڈہیریان کر کی پہول — پڑی ہر طرف مولسریونکی پہول
وہ کیلونکی اور گلسیرونکی چہانو — لگی جائین انکہین لئی جنکی نانو

قوی

خوشی سی گلون پہ چہکین بلبلین ۔ تعشق کی آپس مین باتین چلین
درختون لی ہر گونگی کہولی پر ۔ کہ لین طوطیان بوستان کا بچو
سمان قمریان دیکہہ اوس آن کا ۔ پڑہین باب پنجم گلستان کا
دوا دائیان اور مغلانیان ۔ پہرین ہر طرف اوسمین جلوہ کنان
خواصون کا اور لونڈیون کا ہجوم ۔ محل کی وہ چہلین وہ آپس کی دہوم
تکلف کی پہنین پہرین سب لباس ۔ رہین رات دن شاہزادہ کی پاس
کنیزان سرو کی ہر طرف ریل ۔ چنبیلی کوئی اور کوئی رای بیل
رنگیلی کوئی اور کوئی سیام روپ ۔ کوئی چت لگن اور کوئی کام روپ
کوئی چنچلی اور کوئی گلاب ۔ کوئی سرتن اور کوئی ماہتاب
کوئی سیوتی اور ہر سکہہ کوئی ۔ کوئی دل لگن اور تن سکہہ کوئی
ادہر اور اودہر آتیان جاتیان ۔ پہرین اپنی جوبن کو دکہلاتیان
کہین اپنی پٹی سنواری کوئی ۔ اری اور تری کہہ پکاری کوئی
کہین چٹکیان اور کہین تالیان ۔ تہاقی کہین اور کہین گالیان
بجاتی پہری کوئی اپنی کڑے ۔ کہین ہوی ری اور کہین وی اجہڑے
دکہاوی کوئی ہو کہر و موڑ موڑ ۔ کہین سوت ہوئی کہین تار توڑ
ادا سی کوئی بیٹہی حقہ پیئے ۔ دم دوستی کوئی بہر بہر جیئے
کوئی حوض مین جاکی غوطہ لگاتی ۔ کوئی نہر مین پانون بیٹہی ہلاے
کوئی اپنی طوطی کی لیوی خبر ۔ کوئی اپنی مینا پہ رکہی نظر
کسیکو کوئی دہول ماری کہین ۔ کوئی جان کو اپنی واری کہین
کوئی آرسی اپنی آگی دہری ۔ ادا سی کہین بیٹہی کنگہی کری
شتابہ کوئی ہو کی مسی لگائے ۔ لبون پر دہڑی کوئی اپنی جمائے

ہوا اون گلو نسی دو بالا سمان
غرض لوگ تہی جو یہ ہر کام کی
پلا جب وہ اس نازو نعمت کے ساتہہ
ہوئی اوسکی مکتب کی شادی عیان
معلم اتالیق منشی ادیب
کیا قاعدہ سی شروع کلام
دیا تہا رسبق حق نی ذہن رسا
معانی و منطق بیان وادب
خبردار حکمت کی مضمون سے
لگا ہیئت و ہندسہ تا نجوم
کئی علم نوک زبان حرف حرف
عطارد کو آنی لگی اوسکی ریس
ہوا جبکہ نوخط وہ شیرین رقم
لیا ہاتہہ جب خامۂ مشکبار
عروس الخطوط اور ثلث و رقاع
شکستہ لکہا اور تعلیق جب
کیا خط گلزار سی جب فراغ
کرون علم اوسکا کہانتک بیان
لکہانکی جو درپی ہوا نی نظیر
صفائی مین سوفار پیکان کیا
رکہا جو نسی ہی جو لکڑی پہ من

اوسی باغ مین یہ بہی بلبل روان
یہ سب واسطی اوسکی آرام کی
پدر اور مادر کی شفقت کی ساتہہ
ہوا پہر اونہین شاد دونو کا سمان
ہر ایک فن کی اوستاد سبہی قریب
پڑہانی لگی علم اوسکو تمام
کئی برس مین علم سب پڑہ چکا
پڑہا اوسنی منقول و معقول سب
غرض جو پڑہا اوسنی قانون سے
زمین آسمان مین پڑی اوسکی دہوم
اسی نحو سی اوسکی عمر صرف
ہوا اسادلوحی مین وہ خوشنویس
پڑہا کر لکہی سا لنشی نو قلم
لکہا نسخ و ریحان و خط غبار
خفی اور جلی مثل خط شعاع
رہی دیکہہ حیران اتالیق سب
ہوا صفحہ قطعہ گلزار باغ
کہی خوب اب مختصر یہ بیان
لیا کہینچ چلہ مین سب فن تیر
کیا جبکہ تو دی یہ طوفان کیا
کیا اپنی قبضہ مین سب اوسکا فن

ہوی

ہوئین سست و بازو کی سرسائیان ۔ ادا ہو گئین ہاتھ مین گہاتیان
رکہا ہو سقی پر بہی کچہ جو خیال ۔ کئی قید سب اوسنی ہاتہون مین مال
طبیعت گئی کچہ جو تصویر پر ۔ رہی رنگ سب اوسکی مدّ نظر
کئی دن مین سیکہا یہ کسب تفنگ ۔ کہ حیران ہوی دیکہہ اہل فرنگ
سوا ان کمالونکی کتنی کمال ۔ مروّت کی خو آدمیت کی چال
رذالونسی نفرونسی نفرت اوسے ۔ غرض قابلون ہی سی صحبت اوسے
گیا نام پر اپنی وہ دلپذیر ۔ ہر ایک فن مین ہیچ مچ ہوا بی نظیر

داستان سواری کی تیّاری کی حکم مین

پلا ساقیا مجکو ایک جام گل ۔ جوانی پہ آیا ہی ایام گل
غنیمت شمر صحبت دوستان ۔ کہ گل پنج روز است در بوستان
ٹک ایک بہلائی کا کر ہو سکی ۔ شتابی سی جو کچہ کہ ہو سکی
کہ رنگ چمن پر نہین اعتبار ۔ یہان چرخ مین ہی خزان و بہار
پڑی جب گرہ بارہوین سال کی ۔ کہلی گل جہڑی غم کی جنجال کی
کہا شہ نی بلوا نقیبون کو شام ۔ کہ ہون صبح حاضر سبہی خاص و عام
سواری تکلف سی تیار ہو ۔ مہیّا کرین جو کہ درکار ہو
کرین شہر کو مل کی آئینہ بند ۔ سواری کا ہو لطف جس سی دو چند
رعیت کی خوشیان ہون صغیر و کبیر ۔ کہ نکلی کا کل شہر مین بی نظیر
یہ فرما محل مین گئی بادشاہ ۔ نقیبون نی سن حکم کی اپنی راہ
ہوئی شب لیا شہ نی جام شراب ۔ گیا سجدۂ شکر مین آفتاب
خوشی سی گئی جلد جو شب گذر ۔ ہوئی سامنی سی نمایان سحر

عجب شب تہی وہ جون سحر رو سفید ۔ عجب روز تہا مثل روز امید
گیا مژدہ صبح لے آفتاب ۔ اوٹہا سورج آنکہونکو ملتا شتاب
کہا شاہ نی اپنی فرزند کو ۔ کہ باہر نہا دہو کی تیار ہو

داستان حمام کی نہانی کی لطافت مین *

پلا آتشین آب پیر مغان ۔ کہ بہولی مجہی گرم و سرد جہان
اگر چاہتا ہی مری دل کو چین ۔ نہ دینا وہ ساغر کہ ہو قلتین
کدورت مری دل کی دہو ساقیا ۔ ذرا شیشۂ مے کو دہو دہا کی لا
کہ سر گرم حمام ہی بی نظیر ۔ گیا ہی نہانی کو بدر منیر
ہوا جب کہ داخل وہ حمام مین ۔ عرق آگیا اوسکی اندام مین
تن نازنین نم ہوا اوسکا کل ۔ کہ جسطرح شبنم مین ڈوبی ہی گل
پرستار باندہی ہوی لنگیان ۔ مہ مہر سی طاس لیکر وہان
لگی ملنی اوس گلبدنکا بدن ۔ ہوا اڈہڑا آب سی وہ چمن
نہانی مین یون تہی بدنکی دمک ۔ برسنی مین بجلی کی جیسی چمک
لبون پر جو پانی پہرا سربسر ۔ نظر آیا جیسی وہ گلبرگ تر
ہوا قطرۂ آب یون چشم بوس ۔ کبہی تو پڑی جیسی نرگس پہ اوس
لگا ہونی ظاہر ہوا عجاز حسن ۔ ٹپکنی لگا اوس سی انداز حسن
گیا حوض مین جو شہ بی نظیر ۔ پڑا آب مین عکس ماہ منیر
وہ گورا بدن اور بال اوسکی تر ۔ کبہی تو کہ ساون کی شام و سحر
نمی کا تہا بالون کی عالم عجب ۔ نہ دیکہی کوئی خوب تر اوس سی شب
کہون اوسکی خوبی کی کیا تجہسی بات ۔ کہ جیون بہیگتی جائی صحبت مین رات

زمین پر تہا ایک موجۂ نور خیز
زمرد کی لی ہاتہہ مین سنگ پا
ہنسا کہکہلا وہ گل نو بہار
عجب عالم اوس ناز نین پر ہوا
ہنسا اس ادا سی کہ سب ہنس پڑے
دعائین لگی دینی بی اختیار
کہ تیری خوشی سی ہی سبکی خوشی
نہ آوی کبہی تیری خاطر پہ میل
کیا غسل جب اس لطافت کی سات
نہا دہو کی نکلا وہ گل اسطرح
غرض شاہزادہ کو نہلا دہولا
جواہر سراسر پنہایا اوسے
لڑی لٹکن اور کلغی اور نور تن
مرصع کا سرپیچ جون موج آب
وہ موتیکی مالی بصد زیب و زین
جواہر کا تن پر عجب تہا ظہور
غرض ہو کی اسطرح آراستہ
نکل گہر سی جسدم ہوا وہ سوار
زبس تہا سواری کا باہر ہجوم
برابر برابر کہڑی تہی سوار
سنہری روپہری تہین عماریان
ہوا جب وہ فوارہ سا [illegible]
کیا خادمون نی [illegible]
لیا کہیچ پانون کو بی اختیار
اثر گدگدی کا جبین پر ہوا
ہوئی جیسی قربان چہوٹی بڑے
کہا خوش رکہی تجکو پروردگار
مبارک تجہی روز و شب کی خوشی
چمکتا رہی یہ فلک کا سہیل
اوٹہا کہیس لائی اوسی ہاتہوں ہات
کہ بجلی سی نکلی سیہ ابر جسطرح
دیا خلعت خسروانہ پنہا
جواہر کا دریا بنایا اوسے
عدد ایک سی ایک زیب بدن
مصفی بہ شکل گل آفتاب
کہین جسکو آرام جان لکا چین
کہ ایک ایک عدد اوسکا تہا کوہ طور
خرامان ہوا سرو نو خاستہ
کئی خوان گوہر کی اوسپر نثار
ہوا جبکہ ڈنکا پڑی سب مین دہوم
ہزارون ہی تہی ہاتہیونکی قطار
شب و روز کی سی طرح داریان

چمکتی ہوئی بادلونکی افشان
کہارون کی اطراف مین پالکی
کہارونکی زربفت کی کرتیان
بندہین گریبان تاش کی سراوپر
وہ ہاتھونمین سونیکی ہوئی کڑی
وہ ماہی مراتب وہ تخت روان
وہ شہنا یونکی صدا خوشنما
وہ آہستہ گہوڑون پہ نقارچی
بجاتی ہوئی شادیانی تمام
سوار اور پیادہ صغیر و کبیر
وہ نذرین کہ جنکی نہ تہین پایان
ہوئی حکم سی شاہ کی پہر سوار
سجی اور سجائی سبہی خاص و عام
طرق کی طرف اور سر کی پہرے
مرصع کی سازونکی کوتل سمند
وہ فیلونکی اور میگ ڈنبر کی شان
چلی پایہ تخت کی ہو قریب
سواریکی آگی کئی اہتمام
نقیب اور جلودار اور چوبدار
اونہی اپنی معمول دستور سے
بلا نوجوان نو ہزاری جا بجا

سوارونکی ٹھٹ اور باجونکی شان
جہلابور کی جگمگی تاسلکے
اور اونکی روپی پایونکی پہتیان
چکا چوندہ مین جنسی آئی نظر
جہلک جسکی ہر ہر قدم پر پڑی
وہ نوبت کا دولہ کی جیسی سمان
سہانی وہ نوبت کی اوسمین صدا
قدم با قدم بالباس زری
چلی آگی آگی ملی شاد کام
جلو مین تمامی امیر و وزیر
شہ و شاہزادہ کو گذرانیان
چلی سب قرینی سی باندہی قطار
لباس زری مین ملبس تمام
کچہ ایدہر اودہر کچہ وری کچہ پرے
کہ خوبی مین روح القدس سی دو چند
جہلکتی وہ منقش کی سائبان
بدستور شاہانہ پہنی جیب
لیی سونی روپیکی عصی تمام
یہ آپس مین کہتی تہی ہر دم پکار
ادب سی تنہا دو تنہی اور دو دو سلکے
دو جانب سی باگین لئی آیو

بڑہی جائین آگی سی چلتی قدم — بڑہی عمر و دولت قدم با قدم
غرض اسطرحسی سواری چلی — کہی تو کہ باد بہاری چلی
تماشائیونکا جدا تہا ہجوم — ہر ایک طرف تہی ایک عالم کی دہوم
لگا قلعہ سی شہر کی حد تلک — دوکانون پہ تہی بادلونکی چمک
لدہی تہی تمامی سی دیوار و در — تمامی تہا وہ شہر سونی کا گہر
کیا تہا رس شہر آئینہ بند — ہوا چوک کا لطف وہان چار چند
رعیت کی کثرت ہجوم سپاہ — گذرتی تہی زرک کی ہر جا نگاہ
ہوی جمع کوٹہون پہ جو مرد و زن — ہر ایک سطح تہی جون زمین چمن
یہ خالق کی سن قدرت کاملہ — تماشی کو نکلی زن حاملہ
لگا لنج سی تا ضعیف و نحیف — تماشی کو نکلی وضیع و شریف
وحوش و طیورون تلک تہا خلل — پڑی آشیانونسی اپنی نکل
نہ پہونچا جو ایک مرغ قبلہ نما — سو وہ آشیانہ مین تڑپا کیا
زبس شاہزادہ بہت تہا حسین — ہوی دیکہہ عاشق کہین و حقین
نظر جسکو آیا وہ ماہ تمام — کیا اوسنی جہک جہک کی اوسکو سلام
دعا شاہ کو دی کہ یا رب الٰہ — سدا یہ سلامت رہی مہر و ماہ
یہ خوش اپنی منہ سی ہی شہریار — کہ روشن رہی شہر پروردگار
غرض شہر سی باہر ایک سمت کو — کوئی باغ تہا شہ کا اوسمین سی ہو
گہڑی چار تک خوبسی سیر کر — رعیت کو دکہلا کی اپنا پسر
اودسی کثرت فوجسی ہو سوار — پہرا شہر کی طرف وہ شہریار
سواریکو پہونچا گئی فوج اودہر — گئی اپنی منزل مین شمس و قمر
جہانتک کہ تہین خادمان محل — خوشی سی وہ دیوڑہی تک آئین نکل

قدم اپنے حجرے سے باہر نکال — لیا سب نے آپیشوا حال حال
بلائیں لگیں لینے سب ایکبار — گیا جی کو یک دست سب نے نثار
گیا جب محل میں وہ سرو رواں — بندہا ناچ اور راگ کا پہر سماں
پہر رات تک پہنی پوشاک وہ — رہا ساتہہ سب کی طربناک وہ
قضارا وہ شب تہی شب چاردہ — پڑا جلوہ لیتا تہا ہر طرف مہ
نظارہ نے تہا اوسکی دل کو سرور — عجب عالم نور کا تہا ظہور
عجب لطف تہا سیر مہتاب کا — کہیں تو کہ دریا تہا سیماب کا
ہوا شاہزادہ کا دل بیقرار — یہ دیکہی جو وہان چاندنی کی بہار
کچہ آئی جو اوس کی جی مین ترنگ — کہا آج کوٹہی پہ بچہی پلنگ
خواصون نی جا شاہ سی عرض کی — کہ شہزادہ کی آج یون ہی خوشی
[illegible] ہی یہ آرام کا — کہ بہایا ہی عالم لب بام کا
کہا شہ نی اتو لئی دن نکل — اگر یون ہی مرضی تو کیا ہی خلل
پر اتنا ہی اوس سی خبردار ہون — جنہونکی ہو چوکی وہ بیدار ہون
لب بام پر جب یہ سوئی صنم — کرین سورۂ نور کو اوسپہ دم
تمہارا میرا بول بالا رہے — یہ اس گہر کا قایم اوجالا رہے
کہا تب خواصون نی حقسی امید — یہی ہی کہ ہم بہی رہین روسفید
پہرین حکم لی وہانسی پہر شاہ کا — نہ سمجہونا وہین جا کیا ماہ کا
قضارا وہ دن تہا اوسی سال کا — غلط وہم ماضی مین تہا حال کا
سخن مولوی کا یہ سچ ہی قدیم — کہ آگی قضا کی ہوا احمق حکیم
پڑی اپنی اپنی جو سب پیش بیچ — نہ سوجہی زمانہ کی کچہ اونچ نیچ
یہ جانا کہ یونہین رہیگا یہ دور — زمانہ کا سمجہا اونہون نی نہ طور

کہ اس بیوفا کی یہی ہے ترنگ
یہ گرگٹ بدلتا ہے ہر دم میں رنگ

کرا بادۂ عیش در جام ریخت
کہ صد شام فرقت بصبحش نریخت

نداری تعجب ز نیرنگ دہر
کہ آرد ز یک حقہ تریاک و زہر

داستان شاہزادہ کی کوٹھے پہ سونیکی اور پری کی اوڑا لیجانیکی

شتابی سے اوٹہہ ساقی سیم بر
کہ چارون طرف ماہ ہی جلوہ گر

بلورین گلابی دے بہر کے جام
کہ آیا بلندی پہ ماہ تمام

جوانی کہان اور کہان پہر یہ سن
مثل ہی کہ ہی چاندنی چار دن

اگر مے کے دینے مین کچہ دیر ہے
تو پہر چاندنی یہ کہ اندہیر ہے

وہ سونیکا جو تہا جڑاؤ پلنگ
کہ سیمین تنون کو [illegible] اوسکا [illegible]

سراسر اوچہی زری باف سے
کہ تہی رشک آئینہ [illegible]ے

بچہی چادر ایک اوسپہ شبنم کی صاف
کہ ہو چاندنی جس صفا کی غلاف

کسی اوسپہ کسنی وہ مقیش کے
کہ جہبون مین تہی جسکی مہ ئی سے لگے

دہری اوسپہ تکئے کئی نرم نرم
کہ مخمل کو ہو جسکی دیکہی سے شرم

کہان تک کوئی اونکی خوبیکو پائے
جنہیں دیکہہ آنکہونکو آرام آئے

وہ گل تکئے اوسکی جو ہی رشک ماہ
کہ ہر وجہ تہی اونکو خوبی مین راہ

کبہی نیند مین جب کہ ہوتا تہا وہ
تو رخسار رکہہ اوسپہ سوتا تہا وہ

چہپائے سے ہوتا نہ حسن اوسکا ماند
کبہی تو لگاتی تہی مکہڑے کو چاند

زبس نیند مین تہا جو وہ ہو رہا
بچہونے پہ آتی ہی بس سو رہا

وہ سویا جو اوس آن سے بے نظیر
رہا پاسبان اوسکا بدر منیر

ہوا اوسکی سوتی پہ عاشق جو ماہ
لگادی اودہر اپنی اوسنے نگاہ

وہ مہ اوسکی کوٹہی کا ہالا ہوا
غرض وہانکا عالم دوبالا ہوا

وہ پہولونکی خوشبو وہ ستہرا پلنگ
جو اونکی نیند اور وہ سونیکا رنگ

جہانتک کہ چوکی کی تہی باریدار
ہوا جو چلی سو گئی ایک بار

غرض سبکو وہان عالم خواب تہا
مگر جاگتا ایک مہتاب تہا

قضارا ہوا ایک پریکا گذر
پڑی شاہزادی پہ اوسکی نظر

بہبوکا سا دیکہا جو اوسکا بدن
جلا آتش عشق سے اوسکا تن

ہوئی حسن پر اوسکی جیسے نثار
وہ تخت اپنا لائی ہوا سے اوتار

دوپٹی کو اوس شہ کی منہ سے اوٹہا
دیا گال سے گال اپنا ملا

اگرچہ ہوئی تہی زیادہ ہوس
ولیکن حیائی کہا اوسکو بس

ہی عشق مین پہر یہ سوجہی ترنگ
کہ لے چلی اسکا امانت پلنگ

محبت کی آئی جو دل پر ہوا
وہانسے اوسی لے اوڑی دلربا

ہوا جب زمین سے وہ شعلہ بلند
ہوا مین ستارہ سا چمکا دوچند

نشیمن مین وہ یون زمین سے اوٹہا
چلی تیر جسطرح سے جوش کہا

جلی تنک سے اوسکی شمع و چراغ
کہ اوس مہ کا پہونچا فلک پر دماغ

غرض لے گئی آن کی آن مین
اوڑا کر وہ اوسکو پرستان مین

کبہی دل رہی جوشش کبہی دردمند
زمانہ کی جیسے ہی پست و بلند

داستان حالت تباہ کرنی ماں باپ کی شاہزادہ کی غائب ہونی سے

ستانی ہی جسسا بنیادی شراب
کہ یہ حال سنکر ہوا دل کباب

یہانکا تو قصہ مین چہوڑا یہان
ذرا اب سنو غمزدونکا بیان

کرون حال ہجران رود نگار قم
کہ گذرا جدائی سی کیا اونپہ غم

کھلی آنکھ جو ایک کی وان کہین
تو دیکھا کہ وہ شاہزادہ نہین

نہ ہی وہ پلنگ اور نہ وہ ماہرو
نہ وہ گل ہی او سجانہ وہ اوسکی بو

رہی دیکھ یہ حال حیران کار
کہ یہ کیا ہوا ہای پروردگار

کوئی دیکھ یہ حال رونی لگے
کوئی غم سی جی اپنا کھونی لگے

کوئی تلملائی سی پھرنی لگے
کوئی ضعف کھا کھا کی گرنی لگے

کوئی سر پہ رکھ ہاتھ دلگیر ہو
کوئی بیٹھی ماتم کی تصویر ہو

کوئی رکھ کی زیر زنخدان چھڑے
رہی نرگس آسا کھڑی کی کھڑے

رہی کوئی اونگلی کو دانتون مین داب
کسی نی کہا گھر ہوا یہ خراب

کسی نی دئی کھول سنبل سی بال
طمانچون سی جون گل کئی سرخ گال

نہ بن آئی کچھ اونکو اسکی سوا
کہ کہئی یہ احوال اب شہ سی جا

سنی شہ نی القصہ جب یہ خبر
گرا خاک پر کہہ کی ہائی پسر

کلیجہ پکڑ ماں تو بس رہ گئی
کلی کی طرح سی بابس رہ گئی

ہوا گم و دیوسف پڑی یہ جو دہوم
کیا خادمان محل نی ہجوم

کہا شہ نی وہان کا ہمیں دو پتا
عزیز و جہان سی وہ یوسف گیا

گئین لی وہ شہ کو لب بام پر
دکھایا کہ سوتا تھا یہان سیمبر

یہی تھی جگہ وہ جہان سی گیا
کہا ہای بیٹا تو یہان سی گیا

مری نوجوان مین کدہر جاون ہای
نظر تو نی مجھ پر نہ کی ہی نظیر

عجب بحر غم مین ڈبویا ہمین
غرض جانسی تو نی کھویا ہمین

کرون اس قیامت کا کیا مین بیان
ترقی مین ہر دم تھا شور و فغان

لب بام کثرت جو یکسر ہوئی
تلی کی زمین ساری اوپر ہوئی

شب آئی وہی وہ جس طرح سوتی کٹی ۔ رہی تھی جو باقی سو روتی کٹے
عجب طرح کی شب تھی ہیہات وہ ۔ قیامت کا دن تھا نہ تھی رات وہ
سحر نے کیا جب گریبان چاک ۔ اڑانے لگی ملکے سب سر پہ خاک
اوٹھا شہر مین ہر طرف شور و غل ۔ کہ غایب ہوا اس چمن سے وہ گل
غم و درد سے دل جو سب کا بھرا ۔ ہوا باغ سارا وہ ماتم سرا
گیا جبکہ وہ سرو اس باغ سے ۔ نظر پھول آنے لگے داغ سے
اکڑنا گئی سرو سب اپنا بھول ۔ اڑانے لگین قمریان سر پہ دھول
صدا اب جو کوئی انہونکو سنے ۔ تو کوکو سے اونکے جگر تک بھنے
ہوے خشک اور زرد سارے نہال ۔ ثمر لگ کے پاؤن ہوے پایمال
تڑا نیسے بلبل کا جی ہٹ گیا ۔ گلو لکا جگر درد سے پھٹ گیا
تبسم گیا حزن سے غنچہ بھول ۔ ہوا غم سے از بس لہو ٹیکی پھول
اوڑا نور نرگس کی آنکھونکا سب ۔ ہوئی بال سنبل کی ماتم کی شب
لب جو کی اوڑنے لگی گرد گرد ۔ گل اشرفی کا ہوا رنگ زرد
لگی آگ لالہ کی دل کو تمام ۔ دیا آگ مین پھینک عشقنکا جام
پڑا ماتم اوس باغ مین بسکہ سخت ۔ ہوئی نخل ماتم تمامی درخت
گری غم سے انگور مدہوش ہو ۔ پڑی سائی ساری سیہ پوش ہو
لگی تھی جو پتی درختونکی ساتھہ ۔ وہ پل پل کی ملتی تھی اپنے ہاتھ
وہ لبریز جو نہر تھی جا بجا ۔ سوا آنکھونکو وہ رہ گئی ڈبڈبا
اچھلتی تھی فواری جو اوسکی رو ہا ۔ گئی سب نکل اونکی تاب و توان
مژہ پر جو کچہ اشک تھی جڑ گئے ۔ غرض روتی روتی گڑھے پڑ گئے
ہوا حال چشمونکا یہانتک تباہ ۔ کیا رخت پانی نے اپنا سیاہ

کہان وہ گہڑی اور کدہر آبشار | کوئی دل مین رو دے کوئی ڈاڑہ مار
نہ بگلون کا عالم نہ وہ قرقری | نہ وہ آبجو مین نہ سبزی ہری
جہان رقص کرتی تہی طاؤس باغ | لگی بولنی اون منڈیرونپہ زاغ
سہانی وہ چہائین جو لگتی تہین | سو گیا ہو کہ اب دل لگی وہان کہین
منقش جہان تہی وہ رنگین مکان | ہوی سب وہ جون دیدۂ خونچکان
گلونکی طرح کہل رہی تہی جو دل | سو وہ سب خزانسی ہوی مضمحل
خزان کا الم وہان جو آکر گرا | جگر برگ گل کی طرح جہڑ پڑا
نہ غنچہ نہ گل نی گلستان رہا | فقط دل مین ایک خار ہجران رہا
وزیرون نی دیکہا جو احوال شاہ | کہ ہوتی ہی اب اسکی حالت تباہ
کہا سبنی سمجہا کی اوس شاہ کو | کہ دیکہو گی تم اپنی اوس ماہ کو
اگرچہ جدائی گوارا نہین | ولیکن خدائی سی چارا نہین
سدا ایک سا دن گذرتا نہین | کوئی ساتہہ مرتیکی مرتا نہین
نہین خوب اتنا تمہین اضطراب | نصیبونسی شاید ملی وہ شتاب
خدا جانی اب اسمین کیا بہید ہے | یہ کہتی ہین جیتونکو امید ہے
ندانم کہ تا کردگار جہان | درین آشکارا چہ دارد نہان
خدا کی خدائی تو معمور ہے | غرض اوسکی نزدیک کیا دور ہے
نہین ایک صورت پہ کوئی مدام | اوسیکی غرض ذات کو ہی قیام
یہ کہہ اور شہ کو بٹہا تخت پر | پہر نوع رہنی لگی یک دگر
لٹایا بہت باپ نی مال و زر | ولیکن نہ پائی کچہ اوسکی خبر

داستان پرستان مین لیجانی کے

ذرا خطرہ تو ہی ہو ساقیا
نہ پائی کہین یہان جو اوس گلکی بو
اوڑی جو پری وہان سی لیکر اوسی
وہان ایک تہا سیر کا اوسکی باغ
ریاحین و گل اوسمین انواع کی
طلسمات کی ساری دیوار و در
مطلا منقش مشبک تمام
نہ آتش کا خطرہ نہ بارانکا ڈر
جُدی اور ملی سب گلونکی مکان
درخشندہ ہر سقف دالان کی
زمین وہانکی ساری جواہر لگا
کسیکو ہو جس چیز کا اشتیاق
جواہر کی ذی روح وحش و طیور
پہرین دن کو ساری وہ حیوان ہو
لگی ہر طرف کو ہر شب چراغ
بنائی ہوی جال ہا ہم نہال
صدا آپ سی آپ گھڑیال کے
رہی وہانکی حجرون کا جو در کہلا
و گر بند کر دیجیی ایکبار
مکانون مین مخمل کا فرش و فروش
طلسمانکی پردی اور چلونین

مجہی دیکہی می کہوج اوسکا بتا
کہرون اب پرستان مین جستجو
اوتارا پرستان کی اندر اوسی
کہ جسکی گلو نسی ہو تازہ دماغ
طلسمات گل اوسمین انواع رنگی
نہ یہانکی سی کوٹہی نہ یہان کی سی گہر
یہ کیا ہو جو موجود ہو یکا اوسمین نام
نہ سردی نہ گرمی کا اوسمین خطر
جہان چاہیی جا کی رہیین وہان
ہو دیوار جیسی چراغان کی
ادہر مین چمن اور ہوا مین سحاب
نظر آئی وہ چیز بالای طاق
خرامان پہرین صحن مین دور دور
کرین رات کو کام انسان ہو
وہی دنکو گوہر وہی شب چراغ
گل و غنچہ سب وہانکی دور از خیال
کہین ناچ کی اور کہین تال سے
تو دنیا کی باجون کی آئی صدا
تو جون ارغنون راگ نکلین ہزار
بخط سلیمانی اوسپر نقوش
ارادی پہ دیکہی اوسمین ورق کہلین

خواصین پریزاد اوسین تمام ۔ پھرین گرد گرد اوس پری کی مدام

سر نہر بنگلا مرصع نگار ۔ سراپا برنگ گہر آب دار

رکہا شاہزادہ کا اوسمین پلنگ ۔ کہلا حسن سی اوسکی بنگلہ کا رنگ

قضارا کہلی آنکہہ اوس گلکی جو ۔ نہ پائی وہان شہر کی اپنی بو

نہ وہ لوگ دیکہی نہ وہ اپنی جا ۔ تعجب سی ایک ایک کو تک رہا

اچنبہی کا یہ خواب دیکہا وہان ۔ لگا کہنی یارب مین آیا کہان

زبس تہا وہ لڑکا تو سہما بہی کچہ ۔ ہوا کچہ دلیرا و حیران بہی کچہ

سرہانی جو دیکہی مہ چار دہ ۔ آگہی اجنبی سی وہ ایک رشک مہ

کہا کون ہی تو یہ کسکا ہی گہر ۔ لی آیا مجہی کون گہر سی ادہر

پہرا منہ کو اور لی ادہر سی نقاب ۔ دیا اوس پری نی یہ ہنسکر جواب

خدا جانی تو کون مین کون ہون ۔ مجہی بہی تعجب ہی مین کیا کہون

پر اب تو تو مہمان ہی میری گہر ۔ لی آئی ہی تجکو قضا و قدر

یہ گہر گو کہ میرا ہی تیرا نہین ۔ پر اب گہر یہ تیرا ہی میرا نہین

تری عشق نی مجکو شیدا کیا ۔ ترا غم میری دلمین پیدا کیا

پہرا کر ترا تجہ سی شہر و دیار ۔ یہ بندی ہی لائی ہی تقصیر وار

پری ہون مین اور یہ پرستان ہے ۔ یہان سب یہ قوم پری جان ہے

کہان صورت جن کہان شکل انس ۔ غرض تہی یہ صحبت غیر جنس

پریکو ہوئی شادی اوس کو غم ۔ یہ ناچار کیا کر سکی وہ صنم

کبہی یون بہی ہی گردش روزگار ۔ کہ معشوق عاشق کی ہو اختیار

غرض لگو جون تون لگا یا وہان ۔ کہا اوسنی جو کچہ کہا اوسکو مان

ولیکن نہ عقل و نہ ہوش و حواس ۔ رہی وحشیونکی طرح وہ اوداس

کبہی اشک آنکھون مین بہرلائی وہ
کبہی سانس لیکر کہی ہای وہ

وہ محلونکی چہلین وہ گہر کا سمان
رہی روبرو دہیان مین ہر زمان

وہ شفقت جو مان باپکی یاد آئے
تو راتون کو رو رو کی دریا بہائے

کبہی اپنی تنہائی پر غم کرے
کبہی اپنی اوپر دعا دم کرے

کری یاد جب اپنی ناز و نعم
فغان زیر لب وہ کری دمبدم

بہانہ سی دن رات سویا کری
نہ ہو جب کوئی تب وہ رویا کری

غرض مضطرب تہا وہ ہر حال مین
کہ جون مرغ تڑپی نیا جال مین

غرض ماہ رخ اوس پریکا تہا نام
پری سی کیا تہا یہ پوشیدہ کام

کبہی گہر مین رہتی کبہی تہی وہان
کہ تا راز اوسکا ہوئی عیان

وہ پریون مین از بسکہ تہی ذیشعور
نئی چیز لاتی تہی اوسکی حضور

عجائب غرائب پرستان کی
دکہاتی تہی ہر شب وہی آن کی

نئی کہانی اور میوی اقسام کی
مہیا سب اسباب آرام کی

نئی کشتیان روز پوشاک کی
خوش آمد سدا جان غمناک کی

نئی سانگ وہانکی نئی راگ رنگ
کہ تا دل لگی اور نہو جی بہ تنگ

شرابونکی شیشی چہنی طاق مین
غرض وہ کہ نکلی نہ آفاق مین

شراب و کباب و بہار و نگار
جوانی و مستی و بوس و کنار

نہا اور کچہ غم تو اوسکو وہان
بغیر از غم دوری دوستان

اوسی غمسی گہل گہل کی مرتا تہا وہ
سدا شمع سان آہ کرتا تہا وہ

پری وہ جو تہی دل لگائی ہوئی
وہ بیٹہی تہی اوسکو اوڑائی ہوئی

وہ تہی نازنین بہی بہت عقلمند
نہ کہلنی سی کچہ اوسکی ہوتی تہی بند

کہا ایک دن اوسنی سن بی نظیر
میری دام مین تو ہوا ہی اسیر

تو ایک کام کر ایک پہر بہر کہین   اکیا کرتک ایک سیر روئی زمین
تو ترک مرگ کی دل کو نکر اپنی بند   تیری پہنچی کہین تیری جی کو گزند
سر شام جاتی ہون مین باپ پاس   اکیلا تو رہتا ہی ایسا اوداس
یہ گہوڑا مین دیتی ہون کل کا تجہے   ولیکن مینوی تو مچلکا سب مجہے
کہ گر شہر کیطرف جائی کہین   ویا دل کسی سی لگائی کہین
تو پہر حال جو ہو گنہگار کا   وہی حال ہو تجسی دلدار کا
کہا کیون کہ مین تمکو جاؤنگا بہول   مجہی جو کہا تمنی سو سب قبول
کہا ماہ رخ نی کہ تہی تیری بخت   کہ بخشا تجہی مین سلیمان کا تخت
جو اوتری تو کل اسکی یون جوڑیو   جو بر عکس چاہی تو وون موڑیو
زمین سی لگا اور تا آسمان   جہان چاہیو جائیو تو وہان

داستان گہوڑیکی تعریف مین

کہون کیا مین اوس اسپ کی خوبیان   پرندونمین کب ہون یہ محبوبیان
ذرا کل کو موڑی فلک پر ہوا   جو کہئی تو کہی اوسی باد پا
